ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((338

مورخہ 20.06.24

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ کوتوالی، صدر بہاولپور، سٹی یزمان، سٹی حاصل پور اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 06 ملزمان لیاقت علی، تنویر احمد، حق نواز، مرید حسین، ذوالفقار اور مدثر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 300 لیٹر شراب، 110 عدد بوتلیں الکوحل اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔ اسی طرح تھانہ کینٹ اور تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان کامران اور نعیم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1530 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ بغدادالجدید اور صدر بہاولپور پولیس نے 02 ملزمان سجاد عرف سجو اور ظفر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((339

مورخہ 20.06.24

**بہاول پور(            )ڈی پی او اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس کی کامیاب کارروائی چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سجادی گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار، گرفتار ملزمان سے لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ بکریاں، نقدرقم اور اسلحہ ناجائز برآمد۔ پولیس کی اصل کامیابی ہے شہریوں کا لوٹا ہوا مال واپس کرایا جائے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے ایس ایچ او کی قیادت میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سجادی گینگ کے سرغنہ سجاد عرف سجادی کو اور 03 ساتھیوں دلاور، حماد اور شاہد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ بکریاں، 05 لاکھ روپے نقدرقم اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے، جلدان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کرلیا جائے گا۔ برآمدشدہ مال مسروقہ ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کیا جارہاہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ گرفتار ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے پولیس تمام شواہد اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے بہترین کارکردگی پر تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس کی کامیاب کارروائی چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سجادی گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ بکریاں، نقدرقم اور اسلحہ ناجائز برآمد